# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 13 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آئندہ مالی سال کا مرکزی بجٹ یکم فروری کو کیا جائے گا پیش۔

☆ سپریم کورٹ نے ریاست کے 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتی کے انتخابی عمل کو 15 فروری تک مکمل کرنے کی دی اجازت۔

☆ بلدیاتی انتخابی مہم کا آج آخری دن؛ ووٹر فہرستوں کی تقسیم کیلئے ٹکنالوجی کا کیا جائے گا استعمال۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے پہلے لوک کلا فیسٹیول کا اختتام؛ میزبان ٹیم نے مجموعی طور پر چمپئن شپ جیت لی۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر مقامات پر کم سے کم درجۂ حرارت میں کمی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

آئندہ مالی سال کا مرکزی بجٹ اتوار یکم فروری کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کل دہلی میں ایک پریس کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ برلا نے کہا کہ بجٹ ایک فروری کو صبح گیارہ بجے پیش کیا جائے گا۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 28 جنوری سے شروع ہوگا اور دو مرحلوں میں منعقد ہونے والے سیشن کا پہلا اجلاس 28 جنوری تا 13 فروری کو جبکہ دوسرا سیشن 9 مارچ تا 2 اپریل تک چلے گا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے کل قومی کھیل انتظامیہ قانون 2026 کو نیشنل اسپورٹس ایڈمنسٹریشن ایکٹ 2025 کے تحت مطلع کیا ہے۔ یہ قواعد باصلاحیت کھلاڑیوں کی شمولیت' عاملہ کمیٹی کی تشکیل اور قومی کھیل اداروں اور علاقائی کھیلوں کی فیڈ ریشنوں کے ارکان کیلئے نا اہلی کے معیار کا تعین کرتے ہیں۔قومی کھیلوں کے ساتھ ساتھ بورڈ اسپورٹس سلیکشن کمیٹی کے حوالے سے طریقۂ کار بھی تفصیل سے درج ہے۔ اس کے مطابق قومی کھیلوں کے اداروں کی جنرل اسمبلی میں کم از کم چار نمایاں کھلاڑی اور کم از کم 50 فیصد خواتین کھلاڑیوں کو شامل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابی عمل کو 15 فروری تک مکمل کرنے کی اجازت دی ہے۔ ووٹنگ مشینوں کی کمی اور انتظامی مشکلات جیسی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے ریاستی الیکشن کمیشن نے 31 جنوری کی آخری تاریخ کو بڑھا کر 10 فروری کرنے کی درخواست کی تھی۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ جن 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں نے ریزرویشن کی حد کو عبور نہیں کیا ہے' ان کے انتخابات 15 فروری تک مکمل کر لیے جائیں۔ باقی ماندہ 20 ضلع پریشدوں سے متعلق 21 فروری کو سماعت ہوگی۔

***** ***** *****

ریاست کے بلدیاتی انتخابات کی مہم کا آج آخری دن ہے۔انتخابی مہم آج شام ساڑھے پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔اس کے بعد ووٹنگ 15 جنوری کو ہوگی۔ووٹنگ کے عمل کو پُر امن، شفاف اور منصفانہ بنانے کو یقینی بنانے کیلئے میونسپل فلائنگ اسکواڈز اور پولس انتظامیہ کی جانب سے کل اور پرسوں سخت حفاظتی انتظامات کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

سینئر اداکارہ مُرنال کلکرنی نے تمام ووٹروں سے بلدیاتی انتخابات میں بلاخوف وخطر اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ووٹنگ کے عمل کیلئے انتظامیہ مشنری تیار ہورہی ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے الیکشن محکمے نے کل ڈیوٹی پر موجود ووٹروں کیلئے پوسٹل بیلیٹ پیپر تقسیم کیے۔میونسپل کارپوریشن نے کہا کہ تمام وارڈوں میں کُل دو ہزار 228 پوسٹل بیلیٹ پیپر تقسیم کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ووٹروں کو پول چِٹ تقسیم کیلئے ٹکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے اس کیلئے ایک وہاٹس ایپ موبائل نمبر جاری کیا ہے۔اگر ووٹر نے 11 11 83 64 97 نمبر پر ہیلو ٹائپ کرکے اپنا ووٹر آئی ڈی نمبر ٹائپ کیا تو پولنگ اسٹیشن سمیت تمام معلومات وہاٹس پر دستیاب ہوں گی۔میونسپل کارپوریشن نے اس سہولت کیلئے ایک خصوصی QR کوڈ بھی جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے ووٹروں کو خصوصی آن لائن سہولیات فراہم کی ہیں۔اس میں آن لائن سہولیات کے ذریعے ووٹرز کو خصوصی پولنگ اسٹیشن کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گی اور اپنا موبائل نمبر فراہم کرنے سے ووٹر شناختی کارڈ دستیاب ہوگا۔اس کیلئے ووٹروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ''https: Laturcity.in'' اس لنک کا استعمال کریں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پس منظر میں جبکہ ریاست میں ضابطۂ اخلاق نافذ ہے۔لاڈلی بہن اسکیم کے باقاعدہ یا زیرِ التواء فوائد دیئے جاسکتے ہیں، لیکن ریاستی الیکشن کمیشن نے جنوری کے مہینے کے فائدے کی پیشگی ادائیگی پر پابندی لگادی ہے۔اس سلسلے میں شائع ہونے والی کچھ خبروں کی بنیاد پر ریاستی الیکشن کمیشن کو مختلف شکایات موصول ہوئی تھیں۔اسی مناسبت سے کمیشن نے یہ واضح کیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے حال ہی میں ترقی یافتہ بھارت جی رام جی بل منظور کیا ہے۔اہلیا نگر ضلع کے ایک مستفید کسان دادا صاحب مہسکے نے اس اسکیم سے کسانوں اور مزدوروں کی پائیدار آمدنی کو مضبوط بنانے میں مدد ملنے کی اُمید ظاہر کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے پہلے لوک کلامہوتسو کا' کل اختتام ہوگیا۔میزبان مراٹھواڑہ یونیورسٹی کی ٹیم نے اس فیسٹیول کا مجموعی خطاب اپنے نام کیا۔یونیورسٹی کی ٹیم نے آٹھ آرٹ زمروں میں انعامات جیت کر ڈاکٹر سنجے نولے یادگاری ٹرافی پر بھی اپنا نام بھی کندہ کیا۔بعد ازاں، وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری اور آرٹسٹ ڈاکٹر گنیش چندن شیوے کے ہاتھوں انعامات تقسیم کیے گئے۔اس لوک کلا فیسٹیول میں مختلف یونیورسٹیوں کی 63 ٹیمیں شریک ہوئیں۔

***** ***** *****

دہلی میں درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے اور وہاں' کل دو اعشاریہ نو ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔ امرتسر میں سب سے کم درجہ حرارت ایک اعشاریہ ایک ڈگری سیلسیس درج ہوا' جبکہ راجستھان کے چُرو میں ایک اعشاریہ ایک ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔

مہاراشٹر میں بھی، ودربھ میں کم سے کم درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے، جبکہ مراٹھواڑہ میں معمولی گراوٹ درج کی گئی۔ دریں اثناء، سردی کی اس لہر کے پیشِ نظر آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز-ایمس، نئی دہلی نے شہریوں کو خصوصی مشورہ دیا ہے۔ ذیابطیس کے مریض صبح سرد موسم کے بجائے طلوعِ آفتاب کے بعد دھوپ کے وقت چہل قدمی کریں، گردے کے عارضے والے مریض اپنے بلڈ پریشر کی باقاعدگی سے جانچ کریں' جبکہ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کو طبی مشورہ لیکر باقاعدگی سے ورزش کرنے کی صلاح دی گئی ہے۔

***** ***** *****

راج ماتا جیجاؤ صاحب کا 28 واں یومِ پیدائش اور سوامی ویویکانند کا 163 واں یومِ پیدائش کل منایا گیا۔ مرکزی وزیرِ مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے جیجاؤ کے جائے پیدائش پر شاہی مہا پوجا کی جو بلڈانہ ضلع کے سندھ کھیڑ راجہ میں لکھوجی جادھو کے محل میں واقع ہے۔ اس موقع پر راجے لکھوجی جادھو کی نسل شیواجی جادھو سمیت مختلف افراد موجود تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے کلکٹر آفس میں ڈپٹی کلکٹر سنگیتا راٹھوڑ اور ڈپٹی کلکٹر روپیش شنگارے نے جیجاؤ اور ویویکانند کی تصویروں پر پھول چڑھائے۔ اس موقع پر شہر میں پڑھنے کی سرگرمیاں' صفائی مہم اور درخت لگانے کی مہم چلائی گئی اور ضرورت مند طلبہ میں تعلیمی اشیاء تقسیم کی گئیں۔ مختلف اسکولوں کے طلبہ نے بیداری مہم چلائی اور نوجوانوں نے دو پہیہ اور چار پہیہ ریلی نکالی۔

ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ راٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر نے راج ماتا جیجاؤ اور سوامی ویویکانند کی تصویروں پر پھول چڑھائے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل شہر کی ایم جی ایم یونیورسٹی میں روڈ سیفٹی مہم کا آغاز کیا۔ سوامی نے کہا کہ گاڑی چلاتے وقت روڈ سیفٹی کے اُصولوں پر عمل کرنا ہر ایک کا فرض ہے۔

***** ***** *****

جالنہ میں محکمہ صحت کا ایک سینئر اہلکار کل چار ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ سنیل کھنداڑے نام کے اس ملازم نے شکایت کنندہ کی تنخواہ میں کٹوتی کیلئے مبینہ طور پر رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں لاتور شہر کے بارشی روڈ پر ٹریفک کا راستہ 14 سے 16 جنوری تک تبدیل کر دیا گیا ہے اور انتظامیہ نے تمام شہریوں سے متبادل راستوں کو استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

دریں اثناء' میونسپل کارپوریشن اور امپیریشن فٹنیس کے اشتراک سے SWEEP اقدام کے کل لاتور میں ''جمہوریت کیلئے'' نام سے ایک خصوصی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ ضلع اسپورٹس کمپلیکس میں ہونے والی اس سرگرمی میں طلبہ خواتین اور شہریوں نے بھر پور شرکت کی۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ آئندہ مالی سال کا مرکزی بجٹ یکم فروری کو کیا جائے گا پیش۔

☆ سپریم کورٹ نے ریاست کے 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتی کے انتخابی عمل کو 15 فروری تک مکمل کرنے کی دی اجازت۔

☆ بلدیاتی انتخابی مہم کا آج آخری دن؛ ووٹر فہرستوں کی تقسیم کیلئے ٹکنالوجی کا کیا جائے گا استعمال۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے پہلے لوک کلا فیسٹیول کا اختتام؛ میزبان ٹیم نے مجموعی طور پر چمپئن شپ جیت لی۔

اور۔۔۔☆ ریاست کے بیشتر مقامات پر کم سے کم درجۂ حرارت میں کمی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****